# INOVA کا رازداری کے طرز عمل کا نوٹس

**مؤثر تاریخ: 15 نومبر 2014**

**یہ نوٹس بتاتا ہے کہ INOVA میں آپ کے بارے میں طبی معلومات کا استعمال اور اشتراک کس طرح کیا جاسکتا ہے اور آپ ان معلومات تک کس طرح رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔**

**براہ کرم بغور اس کا جائزہ لیں۔**

اگر اس نوٹس کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں تو، براہ کرم کمپلائنس ڈپارٹمنٹ کو **571-472-8187** پر کال کرکے Inova کے چیف پرائیویسی آفیسر سے رابطہ کریں۔

جب بھی آپ ہسپتال میں معالج، یا دیگر نگہداشت صحت فراہم کنندہ کے پاس جاتے ہیں، آپ کی ملاقات کا ایک ریکارڈ تیار کیا جاتا ہے۔ عمومی طور پر یہ ریکارڈ آپ کی علامات، معائنہ اور جانچ کے نتائج، تشخیصات، معالجہ اور آئندہ نگہداشت یا معالجہ کے منصوبے اور بلنگ سے متعلقہ معلومات پر مشتمل ہوتا ہے۔ ان معلومات کو تحفظ یافتہ معلومات صحت [ Protected Health Information (PHI)] خیال کیا جاتا ہے۔ ہیلتھ انشورنس پورٹیبلیٹی اینڈ اکاؤنٹیبلیٹی ایکٹ [صحت بیمہ کی انتقال پذیری اور جوابدہی کی حالت سے متعلق ایکٹ (HIPAA) کا تقاضہ ہے کہ ہم آپ کو اس ضمن میں نوٹس فراہم کریں کہ آپ کی معلومات کا استعمال اور اشتراک کس طرح کیا جاسکتا ہے اور ان معلومات کے تعلق سے آپ کے حقوق کیا ہیں۔ اس نوٹس کا اطلاق Inova کی کسی سہولت میں یا Inova سروس کی معرفت آپ کی نگہداشت کے ریکارڈوں پر ہوتا ہے، چاہے یہ Inova کے اہلکار، Inova کے ساتھ کام کرنے والے افراد یا تنظیموں، یا آپ کے ذاتی ڈاکٹر کے ذریعہ فراہم کرائی گئی ہو۔ ڈاکٹر کے دفتر یا کلینک میں آپ کے بارے میں تخلیق کردہ معلومات کے ڈاکٹر کے استعمال اور افشاء کے سلسلے میں آپ کے ذاتی ڈاکٹر کے پاس مختلف پالیسیاں یا نوٹسز ہوسکتے ہیں۔

## INOVA کی ذمہ داریاں

ہم سے اس رازداری کے طرز عمل کے نوٹس کی شرائط پر عمل کرنا مطلوب ہے۔ ہم کسی بھی وقت اپنے نوٹس کی شرائط تبدیل کرسکتے ہیں۔ نیا نوٹس آپ کے بارے میں اس وقت ہمارے پاس موجود سبھی معلومات کے لئے مؤثر ہوگا۔ اگر اس نوٹس میں کوئی بڑی تبدیلی ہوتی ہے تو Inova کی کسی سہولت میں اگلی بار آپ کے آنے پر ہم آپ کو ایک کاپی فراہم کریں گے۔ آپ ہماری ویب سائٹ www.inova.org پر جاکر، **571-472-8187** پر کال کرکے کسی نظرثانی شدہ رازداری کے طرز عمل کے نوٹس کی کاپی ہم سے طلب کرسکتے ہیں، یا اپنی اگلی مقررہ ملاقات کے وقت ہم سے ایک کاپی مانگ سکتے ہیں۔ اگر اس نوٹس میں کوئی بڑی تبدیلی ہوتی ہے، تو اینووا فیسلٹی پر آپ کی آئندہ آمد کے وقت یہ بذات خود آپ کو دستیاب کرایا جائے گا۔ تبدیلی کے وقت اسے ہماری ویب سائٹ پر بھی نشر کیا جائے گا۔

## استعمال اور افشاء

### ہم آپ کے بارے میں طبی معلومات کا استعمال اور اشتراک کس طرح کرسکتے ہیں۔

درج ذیل زمرے ان طریقوں کی مثالیں بتاتے ہیں جن طریقوں سے ہم آپ کے بارے میں معلومات کا استعمال اور اشتراک کرتے ہیں:

**علاج کے لئے:** ہم آپ کو علاج یا خدمات فراہم کرنے کے لئے آپ کی طبی معلومات کا استعمال کرسکتے ہیں۔ ہم Inova میں آپ کی دیکھ بھال کرنے میں شامل ڈاکٹروں، نرسوں، ٹیکنیشینز، طبی طلباء یا دیگر اہلکاروں کے ساتھ آپ کی معلومات کا اشتراک کرسکتے ہیں۔ مثلا Inova کے کسی ہسپتال میں موجود معالج کو Inova کی کسی فیسلٹی میں آپ کے گزشتہ معالجے کے سلسلے میں معلومات فراہم کرسکتے ہیں اگر اس کا کوئی تعلق آپ کے موجودہ علاج سے بنتا ہو۔ Inova کے محکمے بھی آپ کو درکار نگہداشت، جیسے نسخے،

لیب کا کام، کھانے، اور ایکسر یز فراہم کرنے کے واسطے آپ کے بارے میں معلومات کا اشتراک کرسکتے ہیں۔

ہم Inova سے باہر کے ان لوگوں کے ساتھ آپ کے بارے میں معلومات کا اشتراک کرسکتے ہیں جو آپ کو نگہداشت فراہم کرتے ہیں یا اس میں شامل ہیں۔ ہم آپ کے معالج یا آئندہ نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو اینووا فیسلٹی سے چھٹی ملنے کے بعد آپ کی نگہداشت میں اعانت کرنے والی متعدد رپورٹوں کی کاپیاں بھی فراہم کرسکتے ہیں۔

**ادائیگی:** آپ کی نگہداشت صحت کی خدمات کے لئے ادائیگی حاصل کرنے کے واسطے، آپ کی معلومات استعمال کی جائے گی۔ اس میں بعض ایسی سرگرمیاں شامل ہوسکتی ہیں جنہیں آپ کے صحت بیمے کا منصوبہ نگہداشت صحت کی خدمات کو منظور کرنے یا ان کی ادائیگی کرنے سے پہلے انجام دے سکتا ہے جیسے بیمہ کے فائدوں کے لئے آپ کے کوریج کے بارے میں فیصلہ کرنا، طبی ضرورت کا تعین کرنے کے لئے آپ کو فراہم کردہ خدمات کا جائزہ لینا، اور استعمال میں لانے کی تجزیاتی سرگرمیاں انجام دینا۔ مثلا ہم کسی طریقہ کار یا ہسپتال میں قیام کے لئے منظوری حاصل کرنے کے واسطے آپ کے صحت منصوبے کے ساتھ آپ کی نگہداشت کے بارے میں بعض معلومات کا اشتراک کرسکتے ہیں۔

**نگہداشت صحت کے اعمال:** ہم Inova کی کاروباری سرگرمیوں کا تعاون کرنے کے واسطے آپ کی معلومات کا استعمال یا اشتراک کرسکتے ہیں۔ ان سرگرمیوں میں معیار کے جائزے کی سرگرمیاں، ملازم کے جائزے کی سرگرمیاں، طبی طلباء کی تربیت، لائسنس دہندگی، مارکیٹنگ اور رقم کی فراہمی، اور دیگر کاروباری سرگرمیاں شامل ہیں، لیکن یہ انہیں تک محدود نہیں ہیں۔

مثلا ہم میڈیکل اسکول کے ان طلباء کے ساتھ معلومات صحت کا اشتراک کرسکتے ہیں جو ہماری سہولیات میں مریضوں کو دیکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہم رجسٹریشن ڈیسک پر دستخطی شیٹ استعمال کرسکتے ہیں جس میں ہم آپ سے اپنے نام کا دستخط اور اپنے معالج کا نام کرنے کو کہتے ہیں۔ ہم آپ کی اعانت کرنے کے لئے آمادہ ہونے پر کمرہ انتظار میں نام لے کر آپ کو پکار سکتے ہیں۔ ہم آپ کی مقررہ ملاقات کی یاد دہانی کروانے کے لئے آپ سے رابطہ کرنے کی خاطر آپ کی معلومات کا استعمال یا اشتراک کرسکتے ہیں۔

ہم دیگر معالجوں کو صحت سے تعلق رکھنے والے وظائف اور آپ کے لئے باعث دلچسپی ہوسکنے والی خدمات کے بارے میں آپ کو معلومات فراہم کرنے کے لئے آپ کی معلومات کا استعمال کرسکتے ہیں۔ ہم آپ کی پی ایچ آئی کا استعمال اور افشاء دیگر مارکیٹنگ سرگرمیوں کے لئے بھی کرسکتے ہیں۔ مثلا ہم جو خدمات پیش کرتے ہیں ان کے بارے میں آپ کو خبرنامہ بھیجنے کے لئے یا ہمارے یقین کے مطابق جو پروڈکٹس اور خدمات آپ کے لئے مفید ہوسکتی ہیں ان کے بارے میں آپ کو معلومات بھیجنے کے لئے آپ کا نام و پتہ استعمال کرسکتے ہیں۔ یہ سرگرمیاں HIPAA پرائیویسی ضابطہ کے تحت مارکیٹنگ نہیں شمار کی جاتی ہیں۔

آپ کی پی ایچ آئی کا استعمال ایسی سرگرمیوں کے لئے جو مارکیٹنگ مانی جاتی ہیں یا ایسے اشتراک جو پی ایچ آئی کی فروخت تشکیل دیتے ہیں انہیں آپ کی طرف سے بغیر دستخط شدہ اجازت نامہ کے دستیاب نہیں کرایا جائے گا۔

اگر آپ اوپر بیان کردہ مواد حاصل کرنا نہیں چاہتے ہیں تو براہ کرام **571-472-8187** پر ہمارے کمپلائنس ڈپارٹمنٹ کو کال کرکے چیف پرائیویسی آفیسر سے رابطہ کریں اور ان سے درخواست کریں کہ یہ مارکیٹنگ کے مواد آپ کو نہ بھیجے جائیں۔

ہم اینووا کے لئے رقم جمع کرنے کی خاطر آپ سے رابطے کی چند معلومات مستقبل میں استعمال کرسکتے ہیں۔ ہم ان معلومات کی تقسیم اپنے ادارے سے متعلق فاونڈیشن کو انھی مقاصد کے لئے کرسکتے ہیں۔ حاصل کردہ رقوم کا استعمال ان خدمات اور پروگراموں کی توسیع اور اصلاح میں ہوتا ہے جو ہم کمیونٹی کو دستیاب کراتے ہیں۔

رقم کی فراہمی کے مقاصد کے پیش نظر آپ کے بارے میں جو معلومات استعمال کی جاسکتی ہے اس میں آپ کا نام، پتہ، ٹیلیفون نمبر، خدمت کی تاریخ، عمر، صنف، وہ محکمہ جہاں آپ کو نگہداشت موصول ہوئی، آپ کا علاج کرنے والے ڈاکٹر کی شناخت اور آپ کے

معالجے کا عمومی نتیجہ شامل ہوتا ہے۔

اگر آپ نہیں چاہتے ہیں کہ رقم اکٹھا کرنے کے لئے آپ سے رابطہ کیا جائے تو براہ کرم Inova Health System Foundation, 8095 Innovation Park Drive, Fairfax, VA 22031، پر رابطہ کریں، یا 703-289-2072 پر کال کریں۔

**کاروباری رفقاء:** Inova میں کچھ خدمات کاروباری رفقاء کے ساتھ معاہدوں کی معرفت فراہم کرائے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر ٹرانسکرپشن کی خدمات یا خارجی بلنگ خدمات پیش کی جاسکتی ہیں جن میں ہم کاروباری رفقاء کے ساتھ معاہدے کرتے ہیں۔ ان خدمات کے لئے معاہدے طئے کرتے وقت ہم ان کاروباری رفقاء کے ساتھ آپ کی معلومات کا اشتراک کرسکتے ہیں تاکہ وہ مطلوبہ خدمات کی تکمیل اچھی طرح کرسکیں۔ آپ کی صحت معلومات کے تحفظ کے لئے ہم کاروباری رفقاء سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ آپ کی معلومات کی رازداری کا تحفظ متیقن کریں۔ Inova میں آپ کی معلومات کے تحفظ کے لئے مطلوبہ شرائط ہر کاروباری رفیق کے معاہدوں میں شامل ہوتی ہیں۔ ان سب کے علاوہ سیکریٹری برائے صحت و انسانی خدمات [Health and Human Services (HHS)] سبھی کاروباری رفقاء کا جائزہ لیں گے اور انہیں HIPAA کی رازداری اور سیکوریٹی کے اصولوں کے سبھی تقاضوں کی پیروی کرنا ضروری ہے۔

**ڈائرکٹری:** اینووا میں بحیثیت مریض آپ کے رہتے ہوئے ڈائرکٹری میں آپ کے بارے میں بعض محدود معلومات شامل کرسکتے ہیں۔ اس معلومات میں آپ کا نام، اس سہولت میں آپ کا مقام اورآ پ کی عمومی کیفیت (جیسے اچھی، ٹھیک ٹھاک، وغیرہ) شامل ہو سکتی ہے۔ اگر کوئی شخص اس سہولت سے رابطہ کرتا اور نام لے کرآپ کو پوچھتا ہے تو، ان کے ساتھ ان محدود معلومات کو مذہبی الحاق کے استثناء کے ساتھ اشتراک کیا جائے گا۔ اگر آپ نہیں چاہتے ہیں کہ آپ کو فیسلٹی ڈائرکٹری میں شامل کیا جائے تو براہ کرم اپنے اندراج کے وقت رجسٹریشن سٹاف یا چیف پرائیویسی افسر سے درخواست برائے استثناء فارم Request to be Excluded Form طلب کریں۔

**آپ کی نگہداشت یا آپ کی نگہداشت کے واسطے ادائیگی میں شامل افراد:** ہم کسی ایسے دوست یا خاندان کے ممبر کے ساتھ آپ کے بارے میں معلومات کا اشتراک کرسکتے ہیں جو آپ کی نگہداشت میں شامل ہے یا جو آپ کی نگہداشت کے لئے ادائیگی کرنے میں مدد کرتا ہے۔ مزید برآں، ہم تباہی کی صورت میں امدادی کوشش میں اعانت کرنے والے افراد کے ساتھ بھی آپ کے بارے میں معلومات کا اشتراک کرسکتے ہیں تاکہ آپ کے اہل خانہ کو آپ کی کیفیت اور مقام کے بارے میں مطلع کیا جا سکے۔ اگر آپ ان اطلاعات کا افشاء محض اپنے دوستوں یا خاندان کے ممبران تک محدود رکھنا چاہتے ہٰں تو ہم آپ سے درخواست کریں گے کہ آپ کسی ایک فرد کو اپنا نمائندہ بنا دیں جسے ہم یہ معلومات دے سکیں۔ اس کے بعد آپ کے اوپر ہوگا کہ آپ اس فرد کو ہدایت دیں کہ ان اطلاعات کو کس طرح دلچسپی رکھنے والی پارٹیوں کے ساتھ تقسیم کیا جائے گا۔

**تحقیق:** آپ کی معلومات کو آپ کی اجازت کے بغیر تحقیقی مقاصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے اگر ادارہ جاتی جائزہ بورڈ [Institutional Review Board (IRB)] استعمال کو منظور کرتا ہو۔ ہم تحقیقی پروجیکٹ کے اہتمام کی تیاری کرنے والے محققین کے ساتھ آپ کے بارے میں معلومات کا اشتراک کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ محققین مطالعہ میں شرکت کرنے کے بارے میں براہ راست آپ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ محقق مطالعہ کے بارے میں آپ کو بتائے گا اور آپ کو سوالات پوچھنے کا موقع دے گا۔ آپ کو کسی مطالعہ میں اسی وقت شامل کیا جائے گا جب آپ اس کے لئے رضامند ہوں اور آپ اپنی رضامندی ظاہر کرنے کے لئے منظوری فارم پر دستخط کردیں۔

**آئندہ مراسلتیں:** ہم معالجاتی اختیارات، صحت سے تعلق رکھنے والی معلومات، مرض پر قابو پانے کے پروگراموں، تندرستی سے متعلق پروگراموں، یا Inova جن دیگر معاشرتی سرگرمیوں میں شرکت کررہا ہے ان کے بارے میں خبرناموں، مراسلات یا دیگر ذرائع سے معلومات بھیج سکتے ہیں۔

**منضبط نگہداشت صحت کا انتظام:** Inova فیسلٹیاں اپنے اسپتالوں اور دیگر ذرائع سے کئی طرح کے ماحول میں نگہداشت فراہم کرتی ہیں جن میں افراد کو ایک سے زیادہ نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے نگہداشت موصول ہوتی ہے جس میں خود Inova کی افرادی قوت شامل ہے؛ معالجوں اور متعلقہ ہیلتھ پریکٹشنرز جو نجی پریکٹس میں ہیں اور جن کے پاس Inova کی سہولیات میں کلینک والی مراعات ہیں؛ ہسپتال پر مبنی معالج کے گروپس جیسے بے حسی آوری؛ تابکاری، علم امراضیات اور ہنگامی ادویہ؛ محکموں کے سربراہان اور میڈیکل ڈائرکٹرز؛ اور دیگر صحت نگہداشت اکائیاں جو اینووا کے ساتھ الحاق رکھتی ہیں۔ یہ سبھی Inova کی منضبط نگہداشت

صحت کے انتظام [Organized Health Care Arrangement (OHCA)] کا حصہ ہیں اور یہ مشترکہ الیکٹرانک صحت ریکارڈ ڈیٹابیس کا استعمال کرسکتے ہیں۔ ہم ان مقاصد کے لئے آپ کو یہ دستاویز بطور مشترکہ نوٹس کے پیش کر رہے ہیں۔ علاج، ادائیگی اور صحت نگہداشت کے اعمال انجام دینے کے لئے ضرورت بھر معلومات کا اشتراک کیا جائے گا۔ ڈاکٹر اور نگہداشت کنندگان کو ان کی آفسوں میں PHI تک رسائی حاصل ہو سکتی ہے تاکہ وہ ماضی کے علاج کا جائزہ لے سکیں کیوں کہ اس سے علاج اس وقت متاثر ہو سکتا ہے۔

**صحت معلومات ایکسچینج:** ہم ایک انفارمیشن ایکسچینج سروس کے ذریعہ آپ کی محفوظ صحت معلومات کو الکٹرونی طریقے سے دیگر صحت نگہداشت کنندگان کے لئے دستیاب کرا سکتے ہیں جو آپ کی معلومات کی درخواست کرتے ہوں۔ انفارمیشن ایکسچینج سروسز میں شرکت سے ہمیں ایکسچینج میں شرکت کرنے والے دیگر صحت نگہداشت کنندگان کی طرف سے آپ کے بارے میں صحت نگہداشت معلومات کو دیکھنے کا موقع ملے گا۔

**واحد محیط ادارہ:** صرف HIPAA کے مقاصد کے لئے، ایسے سبھی محیط ادارے جو Inova کی زیر ملکیت یا زیر اختیار ہیں انہیں واحد محیط ادارہ مانا جائے گا۔ اس نوٹس کا اطلاق سارے ہی واحد محیط ادارے پر ہوتا ہے۔ علاج، ادائیگی اور صحت نگہداشت کے اعمال انجام دینے کے لئے ضرورت بھر PHI اس ایک محیط ادارے میں شامل دیگر سہولیات پر اہلکاروں کو دستیاب کرایا جائے گا۔ دیگر سہولیات پر نگہداشت کنندگان اپنی جگھوں پر PHI تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں تاکہ ماضی کے علاج کی معلومات کا جائزہ لے سکیں کیوں کہ یہ اس وقت علاج کو متاثر کر سکتا ہے۔ اس ملحق محیط ادارہ میں شامل مخصوص جگھوں کے سلسلے میں مزید معلومات کے لئے براہ کرم چیف پرائیویسی آفیسر سے رابطہ کریں۔

**قانونی تقاضے کے مطابق،** ہم معلومات کا استعمال اور درج ذیل قسم کے اداروں کے ساتھ ان کا اشتراک بھی کر سکتے ہیں، جن میں درج ذیل شامل ہیں لیکن انہی پر محدود نہیں ہیں:

- فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن
- صحت عامہ اور قانونی اتھارٹیاں جن پر مرض، گزند یا معذوری کو روکنے اور اس پر قابو پانے کی ذمہ داری عائد ہے
- اصلاحی ادارے
- ورکرز کمپنسیشن کے ایجنٹس
- عضو اور نسیج کے عطیے سے متعلق تنظیمیں
- ملٹری کمانڈ اتھارٹیز
- صحت پر مجموعی نگاہ رکھنے والی ایجنسیاں
- آخری رسوم سے متعلق ڈائرکٹرز، کارونرز اور میڈیکل ڈائرکٹرز
- قومی سلامتی اور انٹلیجنس ایجنسیاں
- صدر اور دوسروں کے لئے حفاظتی خدمات

**نفاذ قانون / قانونی کارروائیاں:** ہم نفاذ قانون کے مقاصد کے لئے معلومات کا اشتراک کر سکتے ہیں:

- عدالت کے فرمان، پروانۂ طبی، وارنٹ، سمن یا اس سے ملتی جلتی کارروائیوں کے جواب میں؛
- ایسی موت کے بارے میں جو ہمارے یقین کے مطابق مجرمانہ برتاؤ کا نتیجہ ہو سکتا ہے؛
- Inova کی کسی سہولت میں مجرمانہ برتاؤ کے بارے میں؛ اور
- بعض ہتھیاروں سے پہنچنے والے زخموں کے بارے میں۔

**ریاست کے مخصوص تقاضے:** بہت ساری ریاستوں میں صحت میں بہتری لانے یا نگہداشت صحت کے اخراجات کو کم کرنے کے تعلق سے آبادی پر مبنی سرگرمیوں سمیت اطلاع دہندگی کے تقاضے ہیں۔ کچھ ریاستوں میں رازداری کے علاحدہ قوانین ہیں جو اضافی قانونی تقاضے عائد کر سکتے ہیں۔ اگر ورجینیا کا قانون وفاقی رازداری کے قوانین کی بہ نسبت زیادہ خیال رکھنے والا ہے تو، ورجینیا کے قانون کی پیروی کی جاتی ہے۔

آپ کی طبی معلومات کا ایسا استعمال یا افشاء جو اس نوٹس میں مندرج نہیں ہے وہ آپ یا آپ کے ذاتی نمائندہ کے تحریری اجازت نامے کی بناء پر ہی کیا جائے گا۔ تحریری اجازت نامے ان محکموں سے رابطہ کرکے کالعدم قرار دیئے جاسکتے ہیں جنہیں معلومات کے استعمال یا افشاء کے لئے اختیار دیا گیا تھا۔

**آپ کی معلومات کے حقوق:**

چہ جائیکہ آپ کی صحت کا ریکارڈ نگہداشت صحت فراہم کنندہ یا فیسلٹی جس نے انہیں تیار کیا ہے اس کی ملکیت ہے، مگر آپ کو حق ہے کہ:

- **جائزہ اور نسخہ:** آپ کو ہمارے پاس موجود طبی معلومات کا جائزہ لینے اور اس کی کاپی حاصل کرنے کا حق ہے تاکہ ان کی مدد سے آپ کی نگہداشت کے بارے میں فیصلے لئے جاسکیں۔ ایک اصول کے طور پر اس میں طبی اور بلنگ کے ریکارڈز شامل ہوتے ہیں، لیکن سائیکوتھیراپی والی یاد داشتیں شامل نہیں ہوتی ہیں۔ آپ Inova کے الیکٹرانک ہیلتھ ریکارڈمیں اپنے میڈیکل ریکارڈ کی کاغذی یا الیکٹرانک کاپی طلب کرسکتے ہیں۔ آپ کے ریکارڈ تک رسائی کاپیاں آپ کی درخواست سے 15 دنوں کے اندر فراہم کرائی جانی چاہئیں۔ کافی محدود حالات میں، ہم آپ کے ریکارڈ کا معائنہ اور اس کی کاپی کرنے کی آپ کی درخواست مسترد کر سکتے ہیں۔ اگر طبی معلومات تک رسائی دینے سے آپ کو منع کردیا جاتاہے تو آپ یہ درخواست کر سکتے ہیں کہ انکار پر نظر ثانی کی جائے۔ ایک لائسنس یافتہ نگہداشت صحت سے متعلق پیشہ ور فرد جو اصل انکار میں شامل نہیں ہوگا آپ کی درخواست پر نظر ثانی کرنے کے لئے Inova کے ذریعہ منتخب کیا جائے گا۔ ہم جائزہ کے نتیجے کی تعمیل کریں گے۔

- **اپنے ریکارڈ میں مذکور معلومات میں ترمیم کی درخواست کریں:** اگر آپ کو لگتا ہے کہ ہمارے پاس فائل میں موجود طبی معلومات غلط یا نامکمل ہے تو، آپ ہم سے تبدیلیاں کرنے کو کہہ سکتے ہیں۔ Inova جب تک آپ کے ریکارڈوں کو سنبھال کر رکھے گا تب تک آپ کو ترمیم کی درخواست کرنے کا حق ہے۔ ہم بعض حالات کے تحت آپ کی درخواست مسترد کر سکتے ہیں۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو، آپ کو انکار کی وجہ بتائی جائے گی اور انکار کا جواب دینے کے لئے ہم آپ کے اختیارات کی وضاحت کریں گے جیسا کہ HIPAA پرائیویسی ضابطے میں کہا گیا ہے۔

- **افشاء کی وجوہات کی درخواست کریں:** آپ کو معالجہ، ادائیگی یا نگہداشت صحت کے اعمال کے علاوہ دیگر مقاصد کے لئے اپنی معلومات کے افشاء کی رپورٹ طلب کرنے کا حق ہے۔

- **بعض خدمات کے لئے طبی معلومات کے اجراء کو پابند کرنے کا حق**

    - اگر آپ کسی خدمت یا طریقہ کار کی خود سے پوری ادائیگی کرتے ہیں تو، آپ کو ہم سے یہ کہنے کا حق ہے آپ کی بیمہ کمپنی کے ساتھ اس معالجہ کے بارے میں معلومات کا اشتراک نہ کیا جائے۔ یہ درخواست خدمت دستیاب کرائے جانے سے قبل کی جانی چاہئے اور اس کا اطلاق تبھی ہوتا ہے جب افشاء ادائیگی یا صحت نگہداشت کے عمل کے مقاصد سے کسی صحت منصوبہ کے لئے ہو۔

    - آپ کو حق ہے کہ آپ ان طبی معلومات کے سلسلے میں جو ہم معالجہ، ادائیگی یا صحت نگہداشت سے متعلق استعمال یا افشاء کرتے ہیں، ان کی تحدید یا پابندی کی درخواست کرسکتے ہیں۔ آپ کی نگہداشت یا آپ کی نگہداشت کی ادائیگی میں شامل کسی شخص، جیسے خاندان کے کسی ممبر یا دوست کے ساتھ ہم آپ کے بارے میں جس طبی معلومات کا اشتراک کرتے ہیں آپ کو اس پر تحدید کی درخواست کرنے کا حق ہے۔ مثلاً، آپ یہ درخواست کر سکتے ہیں کہ ہم آپ کے جراحتی طریق کار کے بارے میں معلومات کا اشتراک نہ کریں۔ پابندیوں کے لئے تحریری طور پر **درخواست**

برائے رازدارانہ مراسلت اور/ یا پابندی افشاء فارم پُر کرکے درخواست کی جائے گی۔ آپ اس فارم کا ایک نسخہ خدمات کے لئے اپنا رجسٹریشن کراتے وقت لے سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ www.inova.org سے بھی حاصل کرسکتے ہیں۔

- **ان خدمات یا کارروائیوں کے سلسلے میں پابندیوں کے علاوہ جن کے لئے آپ نے خود ادائیگی کی ہے، ہمیں آپ کی درخواست سے اتفاق کرنے کی حاجت نہیں ہے۔** ہم آپ کی جو طبی معلومات علاج، ادائیگی یا نگہداشت صحت کی کارروائیوں کے لئے استعمال یا افشاء کرتے ہیں ان کی بابت کسی بھی طرح کی پابندی یا تحدید کی درخواست چیف پرائیویسی آفیسر کو بھیجی جائیں گی۔ صرف پرائیویسی افسریا اس کا قائم مقام ہی اس قسم کی پابندیوں یا تحدیدوں کو رضامندی دے سکتا ہے۔ اگر ہم رضامند ہوتے ہیں تو ہم آپ کی درخواست پر عمل درآمد کریں گے جب تک یہ معلومات آپ کو ہنگامی معالجہ فراہم کرانے کے لئے لازمی نہ ہوجائیں۔

- **رازدارانہ مراسلات کی درخواست کریں:** آپ کو یہ درخواست کرنے کا حق ہے کہ ہم طبی امور کے بارے میں مخصوص انداز میں یا مخصوص مقام پر آپ سے مراسلت کریں۔ مثلاً، آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم آپ کے گھر کے علاوہ کسی مقام پر یا امریکی ڈاک کی معرفت آپ سے رابطہ کریں۔ اس طرح کی درخواستیں تحریری شکل میں دی جانی چاہئیں اور ان میں ڈاک کا وہ پتہ شامل ہونا چاہئے جس پر خدمات سے متعلق بل اور خدمات کی ادائیگی کے سلسلے میں متعلقہ مراسلتیں موصول ہوں گی۔ آپ کو یہ نوٹ کر لینا ضروری ہے کہ اگر آپ ہماری جانب سے کسی ایسی مراسلت کا جواب نہیں دیتے ہیں جس کے لئے جواب درکار ہے تو Inova کو دوسرے ذرائع سے اور دوسرے مقام پر آپ سے رابطہ کرنے کا حق ہے۔ ہم دیگر ذرائع یا دیگر مقام پر آپ سے رابطہ کرنے کی کوشش سے قبل آپ کی اصل درخواست کی روشنی میں آپ کو متنبہ کریں گے۔

- **خلاف ورزی کی اطلاع:** اگر آپ کے غیر محفوظ PHI کی خلاف ورزی ہوتی ہے تو آپ کو مطلع کئے جانے کا حق ہے۔

- **اس نوٹس کی کاغذی کاپی:** آپ کو اس نوٹس کی ایک کاغذی کاپی کا حق ہے۔ آپ کسی بھی وقت ہم سے یہ مطالبہ کرسکتے ہیں کہ آپ کو اس نوٹس کی کاپی دی جائے گی۔ اگرچہ آپ نے الیکٹرانک طریقے سے یہ نوٹس وصول کرنے پر اتفاق کیا ہے۔

آپ اس نوٹس کا ایک نسخہ ہماری ویب سائٹ پر بھی حاصل کرسکتے ہیں http://www.inova.org

اس نوٹس کے تحت اپنے کسی بھی حق کو بروئے کار لانے کے لئے، براہ کرم جس سہولت میں آپ کو خدمات موصول ہوئیں وہاں کے رجسٹریشن ڈپارٹمنٹ سے مطلوبہ فارم حاصل کریں اور اپنی درخواست تحریری شکل میں جمع کرائیں۔ آپ یہ سارے فارم ہماری ویب سائٹ پر بھی حاصل کرسکتے ہیں http://www.inova.org

## اس نوٹس میں تبدیلیاں

ہمیں کسی بھی وقت اس نوٹس میں تبدیلی کرنے کا حق ہے۔ تبدیل شدہ نوٹس آپ کے بارے میں ہمارے پاس پہلے سے موجود PHI کے لئے اور آئندہ ہمیں موصول ہونے والی کسی PHI کے لئے مؤثر ہوگا۔ موجودہ نوٹس Inova کی سہولیات میں شائع کی جائے گی اور اس میں نفاذ کی تاریخ درج ہوگی۔ اس کے علاوہ آپ جب بھی اینووا میں علاج یا نگہداشت صحت کی خدمات کے لئے خود کو رجسٹر کراتے یا داخل کئے جائیں گے تو ہم بالکل تازہ ترین ورژن تک رسائی فراہم کریں گے۔ آپ ہماری ویب سائٹ http://www.inova.org پر بالکل تازہ ترین ورژن تک ہمیشہ رسائی حاصل کرسکتے ہیں یا 571-472-8187 پر کال کرسکتے ہیں اور بالکل تازہ ترین ورژن کی کاپی طلب کر سکتے ہیں۔

## شکایات

اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ کی رازداری کے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو، آپ 8095 Innovation Park Drive, Fairfax, VA 22031، بملاحظہ: چیف پرائیویسی آفیسر کے پتے پر کمپلائنس ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کرکے Inova کے پاس شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ چیف پرائیویسی آفیسر آپ سکریٹری برائے محکمۂ صحت و انسانی خدمات کے پاس شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ سکریٹری کے پاس

شکایت درج کروانے کے لئے ہدایات اس پتے پر موجود ہیں: www.hhs.gov/ocr/privacy

**سبھی شکایات تحریری شکل میں جمع کرائي جائیں۔ Inova کے رازداری کے طرز عمل کے بارے میں شکایت درج کروانے پر آپ پر ہرجانہ عائد نہیں ہوگا۔**

## طبی معلومات کے دیگر استعمال

ہم آپ کو جو نگہداشت فراہم کرتے ہیں ہم سے اس کے ریکارڈز سنبھال کر رکھنا مطلوب ہے۔ اس نوٹس کے دائرے میں نہ آنے والی وجوہات کے مد نظر آپ کی معلومات کا استعمال یا اشتراک کرنے کے لئے Inova کو آپ کی تحریری اجازت درکار ہے۔ اگر آپ ہمیں اپنے بارے میں معلومات کا استعمال یا اشتراک کرنے کی اجازت دیتے ہیں تو، آپ نے جس محکمے کو معلومات کا استعمال یا اشتراک کرنے کی اجازت دی اس محکمے کو خط لکھ کسی بھی وقت وہ اجازت منسوخ کر سکتے ہیں۔ اگر ہمیں آپ کی اجازت کی تحریری تنسیخ موصول ہوتی ہے تو، اصلا آپ نے ہمیں جس معلومات کا اشتراک کرنے کی اجازت دی اس کا استعمال یا اشتراک ہم بند کر دیں گے۔ ہم نے آپ کی اجازت سے جو چیزیں پہلے ہی افشاء کردی ہیں انہیں واپس نہیں لے سکیں گے۔

**چیف پرائیویسی آفیسر**

ٹیلی فون نمبر: **571-472-8187**